بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

پریس ریلیز نمبر:۔ 02 مورخہ:۔ 19-01-2023

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹر میڈیٹ پارٹ اول / پارٹ دوئم / کمپوزٹ اور علوم السنہ شرقیہ پہلا سالانہ 2023ء مورخہ **20-05-2023** **بروز ہفتہ** سے شروع ہوگا۔ داخلہ فیس / داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

(پارٹ)	گروپ	سنگل فیس مورخہ 07-02-2023 تا 07-03-2023		دوگنا فیس مورخہ 08-03-2023 تا 16-03-2023		تین گنا فیس مورخہ 17-03-2023 تا 22-03-2023	
		پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر
پارٹ اول (11^{th})	سائنس	1630/-	1380/-	2530/-	2180/-	3430/-	2980/-
	آرٹس	1530/-	1330/-	2330/-	2080/-	3130/-	2830/-
پارٹ دوئم (12^{th})	سائنس	2330/-	2230/-	3230/-	3030/-	4130/-	3830/-
	آرٹس	2230/-	2180/-	3030/-	2930/-	3830/-	3680/-
کمپوزٹ ($11^{th} + 12^{th}$)	سائنس	2730/-	2930/-	4030/-	4430/-	5330/-	5930/-
	آرٹس	2630/-	2830/-	3830/-	4230/-	5030/-	5630/-
علوم السنہ شرقیہ	---	2330/-	---	3230/-	---	4130/-	---

شرائط:۔

1. تمام داخلہ فیسوں کو کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے لہٰذا داخلہ فارم کے ساتھ آن لائن پرنٹ شدہ بنک چالان پر ہی داخلہ فیس جمع کروا کر اپنا داخلہ فارم شیڈول کے مطابق بورڈ دفتر میں دستی / بذریعہ ڈاک جمع کروائیں۔ (بذریعہ ڈاک آخری تاریخ کو رجسٹری شدہ داخلہ فارم کو سنگل فیس میں تین دن کی رعائیت دی جائے گی) تاخیر کی صورت میں آئندہ شیڈول کی فیس لاگو ہوگی۔
2. داخلہ فارم بمعہ جمع شدہ فیس کی **ہارڈ کاپی** ہر صورت بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کو بذریعہ ڈاک یا دستی بھیجنا لازمی ہوگی۔ جس تاریخ کو ہارڈ کاپی دفتر کو وصول ہوگی اسی تاریخ کا فیس شیڈول لاگو کیا جائے گا۔
3. **بورڈ اکاؤنٹ میں جمع شدہ فیس نا قابل واپسی ہے۔**
4. ادارہ جات ریونیو لسٹ کی تمام کاپیاں بمعہ اصل چالان فارم فنانس برانچ کی فائل میں لگا کر بھجوائیں۔ نیز داخلہ فیس کمپیوٹر سے آن لائن سسٹم کے تحت نکالے گئے بنک چالان پر ہی جمع کروائیں اور ریونیو لسٹ پر درج بنک چالان نمبرز کے مطابق چالان چسپاں کریں۔
5. **پرائیویٹ امیدوار پہلی مرتبہ شامل امتحان ہونے کے لئے داخلہ فیس کے ساتھ مبلغ-/1000 روپے رجسٹریشن فیس بھی جمع کروائیں گے۔**
6. پرائیویٹ امیدوار کے لئے لازم ہوگا کہ وہ داخلہ فارم پر اپنا رہائشی پتہ کا اندراج کرے۔ رہائشی پتہ کسی سکول / کالج / اکیڈمی یا بک ڈپو وغیرہ کا ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔
7. فیل شدہ پرائیویٹ امیدواران آرٹس گروپ میں پریکٹیکل والا مضمون اختیار کرنے کی صورت میں سائنس گروپ کی فیس جمع کروائیں گے۔
8. انٹر میڈیٹ سالانہ / ضمنی 2013 تا 2022 میں پارٹ سیکنڈ یا کمپوزٹ میں فیل ہونے والے امیدواران دوبارہ امتحان دیتے وقت سند کی فیس مبلغ-/700 روپے کی ادائیگی سے مستثنیٰ ہوں گے۔
9. مارکس امپروو کرنے والے امیدواران بقیہ فیس کے ساتھ سند کی فیس مبلغ-/700 روپے بھی جمع کروائیں گے۔
10. ادارہ جات کی طرف سے Batch بنانے کے بعد کسی بھی صورت دوبارہ Batch اوپن نہ ہوں گے۔ لہٰذا مکمل پڑتال کے بعد ہی Batch بنائے جائیں۔
11. پرائیویٹ امیدواران پریکٹیکل مضامین کے ساتھ پہلی مرتبہ شامل امتحان نہیں ہو سکتے۔
12. ایسے امیدواران جن کا میٹرک یا پارٹ فرسٹ دیگر بورڈز سے متعلقہ ہے اور وہ پرائیویٹ امتحان دینا چاہتے ہوں وہ بھی اپنے اصل NOC اور اصل رزلٹ کارڈ کے ہمراہ بورڈ ہٰذا کی کمپیوٹر برانچ سے رابطہ کریں۔
13. داخلہ فیس مسلم کمرشل بینک (MCB) اور یو۔بی۔ایل (UBL) کی منظور شدہ برانچیں جو کہ فیصل آباد ڈویژن کی حدود میں واقع ہیں میں جمع کروائی جا سکتی ہے نیز منی آرڈر / بنک ڈرافٹ نا قابل قبول ہے۔

دستخط شُد/-

سیکرٹری

نمبر 213-ایس۔ایم مورخہ **19-01-2023**

01 ڈویژنل ڈائریکٹر کالجز، فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد
02 چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) فیصل آباد / چنیوٹ / جھنگ / ٹوبہ ٹیک سنگھ
03 ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) فیصل آباد / چنیوٹ / جھنگ / ٹوبہ ٹیک سنگھ
04 فیصل آباد کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائیر سیکنڈری سکول / کالجز کے سربراہان
05 انچارج خبرنامہ پی ٹی وی / ریڈیو پاکستان، فیصل آباد
06 ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، فیصل آباد
07 پریس کلب۔ فیصل آباد / چنیوٹ / جھنگ / ٹوبہ ٹیک سنگھ
08 کمپیوٹر برانچ برائے ویب سائٹ
09 منیجر UBL، کوتوالی روڈ، فیصل آباد اور منیجر MCB جیل روڈ فیصل آباد۔
10 داخلی تقسیم

Saeed Awan.

ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن / اجلاسات)

برائے سیکرٹری